اسنے غیراردای طور پر کنزیش کو شریف احمد کی بیٹی بتا دیا ۔ جو اسے کہنے کے فوری بعد یاد آیا ۔ وہ انکی بھانجی ہے ----- فلحال اسنے اس بات کو جھٹک دیا ---------

"بیٹا کیا کہہ رہے ہو ؟"

ان کے آنکھوں میں رائی مہ کا خوبصورت چہرہ گم گیا ----- وہ جب گاؤ ں کی عورتوں کے مس ئی لے مسائی ل حل کرتیں تھیں تو وہ دونوں ماں بیٹیاں بھی اکثر آجایا کرتی تھیں ----------

اور شریف احمد نے انکا تعارف کروایا ہوا تھا اسلیئے جانتی تھیں وہ ان دونوں کو

بیٹا یہ نامناسب ہے --- انکے اور ہمارے اسٹیٹس میں زمین آسمان کا فرق ہے اور" ذات وہ بھی ہم سے بلکل الٹ -------- ہمارا عالیشان اونچا گھرانہ اور وہ لوگ سادہ غریب سے لوگ ------ کوئی ی میل ہی نہیں ہے "۔

انہوں نے اسے اپنی رائے دی ۔ دل ہی دل میں تو وہ خوش ہورہی تھیں کیونکہ وہ اسکے لیئے ایسی ہی کوئی ی چھوٹے گھرانے کی لڑکی لانا چاہتی تھیں بلکل کسی گائے جیسی ---- جسے کہے کھڑی ہوجائے تو کھڑی ہوجائے ، جسے کہے بیٹھ جائے تو بیٹھ جائے ۔ وہ بلکل اپنے اشاروں پہ کٹ پتلی بنا کر اسے ٹریٹ کریں --- اور وہ انکے سامنے اپنی آواز اونچی کرنا تو دور ------ چوں چاں بھی نہ کرسکے -------- ابرار نے تو پھر انکی مشکل آسان کردی تھی --------

رائی مہ کو وہ جانتیں تھیں --- وہ تھوڑی سی تیز چلباز قسم کی لڑکی معلوم ہوتی تھی --- مگر کوئی ی نہیں اسے اچھی طرح سیدھا کرنا جانتیں تھیں ----------

یہ سب ناٹک تو کرنا ہی تھا ۔۔۔۔ اسٹیٹس ذات وغیرہ وغیرہ کا ۔۔۔ اس طرح ابرار کو لگے وہ اسکے لیئے پوزسیو ہیں اور اسکے لیئے ایسی ویسی کوئی ی لڑکی ہرگز نہیں بیاہ کے لائی یں گی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

"والد آپ ان سب فوملیٹز میں کب سے پڑنے لگیں ؟ مجھے پسند ہے وہ لڑکی اور میں شادی کرنا چاہتا ہوں اس سے ۔۔۔۔ کس خاندان سے تعلق رکھتی ہے ؟ اسٹیٹس کیا ہے ؟ مجھے اس سب سے قطعًا کوئی ی فرق نہیں پڑتا "۔۔۔۔۔۔۔۔ رعبدار بھاری لہجے میں انہیں دیکھ فرصت سا بولتا اپنی ٹانگ پہ ٹانگ چھڑائے پیر جھلایا

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

جاری ہے ۔۔۔۔۔۔۔۔

منِ عزیزم

قسط نمبر 48

By parishy baig

کاپی کرنا سختی سے ممنوع ہے ----------

...☆ ☆ ☆ ☆ ☆ ☆...

دان رات پر لگا کر یونہی گزر رہے تھے اور رات کے لگ بگ ساڑھے دس کا وقت تھا ۔ نہایت حمدانی صاحب اور نازپروین صاحبہ ہاسپٹل سے اپنی اپنی ڈیوٹی پوری کر گھر آچکے تھے ۔ کھانا بھی مل کر مہمل کے ساتھ خوشی خوشی ڈائی ننگ ٹیبل پہ کھایا گیا تھا ۔ جس کے بعد وہ ہلکی پلکی مہمل سے چند باتیں کیئے اسے بھی سو جانے کی ہدایت کیئے اپنے کمرے کے جانب بڑھ گئے تھے ۔ جبکہ وجدان زید کا وہ اسے بتاچکے تھے کہ اسکی نائٹ ڈیوٹی ہے ---------

مہل کو وہ بھرپور انگشت سخت نگرانی میں ملازم و ملازمین پر چھوڑ ہاسپٹل جاتے تھے ۔ جب آتے تھے تو اسکا معصوم گلابی گلنار چہرہ دیکھ دونوں کے چہرے کھلکھلا اٹھتے تھے ۔ اسنے جانے انجانے میں انکے یہاں بیٹی کی کمی کو مکمل کردیا تھا ۔ وہ بلکل اسے اپنی اولاد کی طرح چاہنے لگے تھے --------

مگر جب یہ سوچتے وہ تو پرایا خون ہے ۔ کبھی نا کبھی اسکا بھائی ی گھر والے مل جائے گے اور وہ چلی جائے گی تو یکدم دونوں کے چہروں پر مایوسی افسردگی چھا جاتی تھی ۔ لیکن پھر بھی ان دونوں نے سوچ لیا تھا ۔ جب تک وہ یہاں ہے ۔ اسکا خود سے بھی زیادہ خیال رکھے گے ۔ اسکی ہر خواہش کو پورا کریں گے ۔ اسے پرینٹس بن کر بہت سارا پیار دے گے ۔۔۔۔۔۔۔۔

معلوم نہیں یہ لوگ میرے بھائی ی کو کب ڈھونڈے گے ؟ مجھے اپنا گاؤں پتہ تو" ہے اور اگر میں یہاں سے ٹرمنل پر جاؤں تو بس والے کو بتاؤ گی ۔ مجھے مکلی پور گاؤں اتار دے ۔ یقیناً میں پہنچ ہی جاؤ گی لیکن ٹرمنل پر بھی کیسے پہنچوں گی ؟ ہاں "یہاں ڈرائی یور سے کہوں گی مجھے ٹرمنل پر چھوڑ دے ۔

نہلیت حمدانی صاحب اور نازپروین صاحبہ نے اسے کھلی اجازت دی ہوئی ی تھی ۔ بیٹا جب تمہارا کہیں بھی باہر گھومنے پھیرنے یا شاپنگ وغیرہ کا دل کرے تو بلا جھجک ڈرائی یوار کے ساتھ چلی جانا ۔ یہاں تک کہ اسے اپنا کریڈٹ کارڈ تک دے دیا تھا ۔ جب اسے ضرورت درپیش ہو وہ اسے استعمال کرسکے ۔۔۔۔۔۔۔۔

مہمل نے مگر ان سبکا کبھی بھی استعمال نہیں کیا تھا ۔ ان سب پر اسکا کوئی ی حق نہیں تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

گھر کی طرح ہی اس عالیشان خوبصورت ہر عیش و آرائی ش سے مزین بڑے سے کمرے میں جو اسے دیا گیا تھا رہنے کے لیئے اس میں موجود بیڈ پہ نازک سراپا لیئے بیٹھی اپنی ٹھوڑی پر موم سے گلابی ہاتھ کی مٹھی بنائے رکھے اپنے معصوم دماغ کے گھوڑے دوڑاتی وہ سوچنے لگی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

لیکن اس معصومیت کی پیکر کو یہ تک معلوم نہ تھا کہ کونسی بس کونسی سواری اسے اپنے گاؤں تک جانے میں مدد دے گی ۔ اسنے تو کبھی گاؤں سے اپنا پیر باہر نہیں نکالا تھا ۔ کجاکہ یہ دنیا کیسی ہے یہ تک معلوم نہ تھا ۔ کالج بھی وہ ن ئی ی ن ئی ہی جانے لگی تھی جسے ضوریز خود لیکر جاتا اور لیکر آتا تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ دنیا تو نہیں اس دنیا میں بسنے والے ایک درندے نما صفت بھیڑیے سے آشنا ضرور ہوئی ی تھی ۔ اسکی درندگی سے خود کو بچاتی وہ نجانے یہاں تک کیسے پہنچی تھی ۔ اسے

آج تک خود یقین نہیں ہوپارہا تھا ۔ اسکے اندر اتنی ہمت کہاں سے آئی ی کہ وہ اس وحشی کے چنگل سے بھاگ آئی ی --------

اسکے گلابی چہرے کے تاثرات دماغ کے کسی گوشے میں چھپی اس سوچ پر مندمائی ل ہوئے اور ایک کرب کی لہر اسکے پورے بدن میں سنسنی پھیلاگ ئی --------

اسنے تمام سوچوں کو اپنے ذہن سے جھٹکا اور سائیڈ ٹیبل پر پڑیں اپنی فرسٹ ای ئی ر میڈکل کی نیو اڈیشن بکس ہاتھ بڑھا کر اٹھائی یں --------

یہ تمام بوکس اپنے ن ئی ی کلاسس شروع ہونے کا نازپروین صاحبہ کو بتانے پر وجدان نے میڈکل کی پڑھائی ی کے لیئے مہمل کا حد تک پاگل پن کو سن ۔ پہلے تو اسکے چہرے پر گہرا تبسم چھایا ۔

پھر دوسرے ہی دن اسے سلیبس کی تمام بوکس نازپروین کو لاکر تھمائی ی اور بولا کہ جلد از جلد وہ اپنی تمام روکی پڑھائی ی بحال کرے ۔ وہ اپنی اسٹڈی میں بزی ہوجائے ۔ زیادہ

دھیان نہ صیح تھوڑا ہی صیح وہ اپنے بھائی ی یا دوسری سوچوں سے ہٹا سکے اور خود کو پرسکون کرسکے --------

اور ساتھ ہی ساتھ اسے اپنا دوسرا رکھا میک بک ائی یر دیا کہ وہ اس سے بھی اسٹڈی میں مدد حاصل کرسکے ---------

اوو !یہ ٹوپک ۔ مجھے سمجھ میں نہیں آرہا کیا کروں ؟ "اپنے سرخ ہاتھ میں کیمسٹری کی" کتاب اٹھائے بیڈ سے کتاب پہ ہی اپنی گہری پرسوچ نظریں گاڑیں ہی اٹھی اور دوسرے ہاتھ میں پکڑا بول پین اپنے منہ میں دیئے چہرے کے عجیب و غریب زوائے بدلتی اپنے سرخ پتیوں سے لب چبانے لگی ۔

اور اِسی پریشانی میں پورے روم میں ادھر سے ادھر چکر کاٹنے لگی ۔ وہاں تو ضوریز اسے سمجھا دیتا تھا لیکن یہاں ہاں دو بار وجدان نے اسے کسی بھی ٹاپک پہ اٹکنے نا سمجھ آنے پر اسے سمجھایا تھا --------

وہ بھی ایسے کہ جب جب اسنے وہ کتابیں کھولی تو اتفاقاً وہ ڈیوٹی سے گھر ہی آیا اور اسے کتابوں سے لڑتے الجھن کا شکار ہوتے دیکھ خود ہی اسکی ہر بار مدد کر بیٹھا --------

آہ !ایک سرد سانس باہر خارج کی ۔ حلق میں کاٹنے سے چبھنے لگے ۔ یکدم شدت سے اسے پانی کی پیاس لگی ---------

کتاب کو بند کر وہ اپنے ہاتھ میں ہی تھامے پین پونی میں قید ریشمی بالوں میں لگاتی اپنے روم کا دروازہ واکیئے باہر قدم رکھا اور سڑھیاں اتر اپنا رخ کیچن کی جانب کیا ۔ اور آہستہ سے اپنا گلابی ہاتھ بورڈ پر مار کر کیچن کی لائ ٹ کھولی --------

جسکے باعث کیچن میں ہر سو روشنی بکھر گ ئی --------

اب کچن میں رکھے فریج سے بوتل نکال کیبینٹ سے گلاس نکال پانی اس میں انڈھیلا اور اپنے لبوں سے لگاگ ئی --------

سردی اوپر سے ٹھنڈا پانی اسکے دانت بجنے لگے --------

زکام ہوجائے گا "۔"

اپنی نازک پشت سے بھاری مردانہ آواز ابھری کہ اچانک وہ اپنی جگہ سے اچھلی اور ہربڑاہٹ میں تھامے گلاس پہ گرفت ہلکی ہوئی ی کہ اسنے خود پر قابو کیئے سلیب پر آہستگی سے گلاس کو رکھا اور اپنی آنکھیں میچیں سرخ لب دباتی پلٹی ---------

وہ خوبصورت معصوم چہرے ، خمدار سیاہ پلکوں کی بھاڑ آنکھوں پہ گرائے ، سرخ چھوٹی سی ناک اور سرخ نچلے کنپکنپاتے لب کو دبائے، مسی سے نارنجی ہلکے کلر کے جوڑے میں نازک سراپا لیئے اپنے قیامت خیز حسن کے ساتھ کھڑی تھی --------

جسے دیکھ وہ مہبوت رہ گیا ۔ اسے لگا چلو آج چل کر خود چاند زمین پہ آیا ہے تو ، اسکے دیدار سے کچھ پل سکون سے گزریں گے لیکن اس لمحے اسے دیکھ وہ مزید بے سکون ہوچکا تھا ۔ اوپر سے رات کا پھیر اور قسمت کی ستم ظرفی ہے ۔ وہ پاس آکر بھی بے سکونی کو

سکون میں بھی بدل نہیں سکتا ۔ اس قدر وہ اسکا چین و سکون لوٹنے کا سبب بن رہی تھی ---------

مہمل نے خاموشی پاکر اپنی آنکھیں آہستگی سی وا کیں اور اپنے لبوں کو آزاد کر سامنے کھڑے اپنی مخصوص منفرد پرسنٹلی لیئے وجدان زید کو دیکھا ۔ اسے دیکھ اسنے اپنی پلکیں جھپکیں اور فوراً ہی ہٹا گ ئی ۔ شاید وہ شاک تھی اسے یہاں پاکر کیونکہ آج تو اسکی نائی ٹ ڈیوٹی تھی انکل انٹی نے بتایا تھا اسے --------

اسکے بے دردی سے اپنے لب کچلے دیکھ اسنے اپنا ماتھا مسلا اور اسکی ہنوز ہی نظر اسکے نازک ہاتھ میں پکڑی کتاب پہ گ ئی یں ۔ باقی اسے سمجھ آگ ئی اسکی یہ جھنجھلائی ی حالت کیوں ہے ---------

کچھ سمجھنا ہے ؟ "نرم سے سنجیدہ بھاری لہجے میں اسکے بالوں میں لگے پین پر اپنی نگاہ" ڈالے بولا ---------

جج ۔جی ۔۔۔۔۔۔؟؟ اسکے پوچھنے پہ نا سمجھی سے اسکی گرفت بوک پر مزید سخت"
ہوئی ی اور اپنی نظریں اسکے بھاری بوٹوں پہ ٹکائی ی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

تمہارے ہاتھ میں کتاب ہے تو ۔۔۔۔۔، اسنے اپنی انگلی سے اسکے ہاتھ میں تھامی کتاب
پر اشارہ کیئے اپنی آنکھیں اسکے چہرے پر ٹکائے اپنا جملہ ادھا چھوڑا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

جج ۔ جی ہاں ۔۔۔۔۔ "!!اسے بنا دیکھے مناتی بک کو سینے سے لگاتی اپنی سریلی آواز"
میں بولی ۔۔۔۔۔۔۔۔

مم ۔ مگر آپ ابھ ۔ ابھی آئے ہیں ۔ "اسنے اسکی فکر کرتے کہا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔"

وجدان کو اچھا لگا اسکا فکرمند لہجہ اور یکدم عنابی لب دھیمی گہری مسکراہٹ میں ڈھلے
۔۔۔۔۔۔۔۔۔

جاؤ جاکر بیٹھو ۔ "وجدان نے اسے پھر اپنے لب کچلتے دیکھ بولا ۔ جس پر مشکل سے"
سر ہلاتی لاؤنج میں آئی ی اور ون سیٹر صوفے پہ دھپ سے بیٹھی ----------

...☆ ☆ ☆ ☆ ☆ ☆...

سالے تو کیا کر رہا ہے یہاں ؟ "آغر نے دھیمی سرد آواز میں اپنے ہمراہ دشمن پہ"
ہمتن ٹارگٹ کا نشانہ لیئے رائی فل مضبوطی سے تھامے کھڑے مضبوط ازمیر کو دیکھ کہا

کیوں کمینے تیرا ہی ملک ہے ؟ "اسکی بے تکی فضول گوئی ی پر وہ دبی دبی سے آواز"
میں اپنی آنکھیں چھوٹی کیئے اسے دیکھ بھڑکا ۔ اسے پورے دن سے رات ہونے پر یاد آیا
کہ وہ یہاں کیوں ہے ؟

ابے دیکھ مولا کی دوڑ مسجد تک ۔ یہ تو سنا ہے ناں ؟ پھر تو یہاں کیسے ؟؟ "آئی برو"
اچکائے ابکی بار اپنے لبوں پر مچلتی مسکراہٹ کو ضبط سے دبایا ---------

ازمیر کا چہرہ دیکھنے لائق تھا ۔ وہ سب سمجھ چکا تھا اسکا کمینہ پن --------

کیونکہ میں اپنے ڈیپارٹمنٹ کے ساتھ فی ئی ر ہوں ۔ وہ میرے ساتھ نہیں ہے تو نہ" صیح ۔ "اسنے اپنی سرخ مصنوعی غصے بھری کھا جانے والی نگاؤں سے اپنی گردن موڑ کر اسے بھی اپنے ٹارگٹ پہ نشانہ رکھے دیکھ اپنے دانت پیستے چبا چبا کر کہا ----------

ہاہاہا ------ !!اسکے جلے بھنے جواب پہ آغر کا یکدم مدھم دھیما قہقہ گونجا ۔ جو ازمیر کے کانوں میں کسی کڑوے زہر کی طرح گھلا --------

اونہہ !!پاس ہی موجود لیفٹیننٹ جنرل آفتاب رائی نڈ کی انکی ہلکی ہلکی ہوتی سرگوشیوں پر دیھمی مگر خرکت آواز گونجی ۔ جسے سن وہ دونوں الرٹ ہوئے --------

ساتھ انکے بائی یں جانب کھڑے ضوریز لشاری کی انکی اول جلول ، اوٹ پٹانگ حرکتوں پہ خود با خود مونچھوں تلے عنابی لبوں پر ہلکی سے دھیمی مسکراہٹ پھیلی ---------

اسنے کبھی دوست نہیں بنائے تھے اسلیئے وہ جان بھی نہ پایا تھا دوستی کیا ہے ؟؟
اسکی زندگی تو بس ماں باپ اور ماں باپ کے بعد اپنی جان سے پیاری بہن کے گرد ہی گھومتی رہی ----------

لیکن آج اسنے دوستی کے دل عزیز ، خوشنما ، خوبصورت رنگ دیکھے تھے ----------

جاری ہے ----------

منِ عزیزم

قسط نمبر 49

پریشے بیگ

کاپی کرنا سختی سے ممنوع ہے ----------

...☆ ☆ ☆ ☆ ☆ ☆...

وہ دب دب کرتا جیسے قریب آرہا تھا اسکا چہرہ سرخ انار جیسا ہوگیا تھا ۔ بے بسی کی انتہا تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وجدان نے اپنا پہنا اوور رال لاؤنج میں رکھی ٹیبل پہ بے نیازی سے پھینکا اور اسکے بلکل سامنے صوفے پہ بیٹھا تو اسکی نظریں اسکے پریشان ذدہ گلابی چہرے پر ٹھہری ۔ ہاتھ مسلتی لب کچلتی کچھ پریشانی میں تھی ۔

!!! دیکھاؤ

کہتا اپنا بھاری ہاتھ آگے بڑھایا اس سے بک لینے کے لیئے ۔۔۔۔۔۔۔

جسکے بڑے ہاتھ کو دیکھ گڑبڑاتی جلدی جلدی اپنے سرخ ہاتھ میں تھامی کتاب اسے دی اور اپنی جگہ سکون سے بیٹھ لب آپس میں پیوست کیئے اسے کتاب میں سنجیدگی سے جھانکتے کچھ سوچتے دیکھا ۔۔۔۔۔۔۔۔

مگر یکدم ہی اپنی نظریں ہٹا گ ئی ۔ سامنے بیٹھا شخص چاہے تو ایک سکینڈ میں اپنے سحر انگیز پرسنٹلی میں جکڑ مقابل کو اپنے قدموں میں ڈھیر کرسکتا تھا ۔ وہ ایسی جازب شخصیت وجاہت کا مالک تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔

"دیکھنے میں تو ٹھیک ٹھاک لگتے ہیں ۔"

اسنے آج پہلی بار اسے پوری توجہ سے دیکھا تھا اور لگے ہاتھوں بے ساختہ اسکی شان میں قصیدے بھی خود با خود منہ سے ہلکی سی سرگوشی نما پڑھ ڈالے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

جسکی سرگوشی ناچاہتے ہوئے بھی وجدان کے تیز کانوں نے سنی اور سامنے بیٹھی اس معصوم پری کے اپنے بارے میں خیالات جان کر اسکے لبوں پہ تبسم پھیلا جو وہ اچانک سنجیدگی میں تبدیل کرگیا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اس نے اسے سارے ٹک کیئے ٹاپک نرمی سے سمجھائے اور اب اسکے چہرے کے الجھے تاثرات بڑی گہری نظروں سے دیکھنے لگا ۔ جو اسے الجھی الجھی سی لگی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

"Hey!!! Understand all the topics"

اسے اپنا سر کتاب میں کھپاتا جھنجھلاہٹ کا شکار دیکھ پوچھا --------

"!!جج جی ہاں"

اسنے اپنی سانس باہر خارج کرتے کہا ----------

پھر جھجھلاہٹ کی وجہ ؟ "اسکے سرخ ہوتے چہرے کو دیکھ اسنے لہجے میں سنجیدگی لیئے" مگر نرمی سے پوچھا ---------

بس وہ ۔ مج ۔ مجھے نیند آرہی ہے --------تو زیادہ بہتر سمجھ نہیں آیا اور سب مکس" اپ ہوگیا دماغ میں ۔ ہر ٹاپک ایک دوسرے سے یکجا ہوتا جمگٹا سا بن گیا ہے ۔ "مہمل نے بتاتے شرمندگی کی آتہا گہرایوں میں ڈوبتے دل کے ساتھ نروس سی اپنے ہاتھ کی انگلیاں مڑوتے کہا ----------

اوو !!یعنی یہ تو وہی بات ہوگ ئی جی آپ نے کیا بولا مجھے تو سمجھ ہی نہ آیا ۔ "اسنے" اسکے چہرے پر مایوسی محسوس کر اسے ہلکا پلکا سا کرنا چاہا --------

نن ۔ نہیں آیا ہے تھوڑا بہت ۔ "لڑکڑاتے لہجے میں ڈبڈبائی ی نظروں سے دیکھ بولی" --------

آہہمم !میں فریش ہوکر آتا ہوں تب تک جو سمجھ آیا اسے اچھی طرح اپنے دماغ میں" ریمانڈ کرو ۔

Then I come and ask .. ok"

کہتا اسکے چاند جیسے گلابی چہرے سے اپنی نگائیں ہٹائے اوور رال اٹھاتا سیڑھیوں کے جانب بڑھ گیا ----------

اسکے وہاں سے جاتے ہی اسنے ایک اپنی لمبی سانس کھینچی جیسے کہی سال قیدگی سے آزادی پائی ی ہو ۔ اسکا کا اثر اس قدر جان لیوا تھا ----------

وہ فریش ہوکر آیا تو اسے نیچے زمین پہ بیچھے کارپیٹ پہ بیٹھا دیکھا اور ٹیبل پہ رکھی کتاب پہ اس دوشیزہ کا سر ۔ جو شاید ان پانچ سے دس منٹ میں نیند کی حسین وادیوں میں گم ہوچکی تھی ----------

وہ اپنے قدم اٹھاتا چلتا آہستگی سے اس تک پہنچا اور اپنی جگہ وہی سامنے صوفے پر دوبارہ براجمان ہوگیا ----------

اور کہیں دیر بے دریغ اسکے معصوم نین نقوش کو فرصت سے تکتا رہا اسے ہوش ہی نہ رہا گھڑی رات کا ایک بجا رہی تھی ۔ وہ تو بس ٹکٹکی باندھے ابھی تک اسے صدقے واری نگاؤں سے دیکھ رہا تھا ----------

اسی اسنا میں وہ کھڑا ہوا اور ٹیبل کی طرف سے گھم کر نیچے بلکل اسکے قریب گھٹنوں کے بل بیٹھا ----------

"My love are you a pure and beautiful gift sent by God"۔

جھکتا محبت شدت بھری سرگوشی کر اسکے بالوں میں انگلیاں پھیرنے لگا جو ٹیبل پر پڑی کتاب پر بکھرے پڑے تھے --------

اسکی گرم سانسوں کو مہمل نیند میں بھی خود پر محسوس کر کلملائی ی لیکن پھر سوگ ئی ۔ اسکا ہر انداز وجدان کے دل میں قیامت بھرپا کر رہا تھا ۔ ایسے کہ اسکا بس چلتا تو ابھی اس نازک پھول سے وجود کو خود میں بھینچ لیتا ---------

مہمل کی نیند میں جلھساتی سانسیں اپنے چہرے پر محسوس کرتے بے خوی میں اسکی سرخ سفید گردن پہ جھک اسکے سلکی ریشمی بالوں کی خوشبو اپنے اندر اتار اسکی کان کی لو کو آہستگی سے چھوہا جبکہ ہاتھ ابھی تک اسکے بالوں کی جڑوں کو سہلا رہا تھا

عجیب سا سرور نشہ ان چند لمحوں میں اسکے سر چڑ بول رہا تھا ۔ وہ بہکی بوجھل نگاؤں سے سر اٹھائے اسکے بالوں سے ہاتھ نکال اسی ہاتھ کی پشت سے اسکے گلابی سرخ گال کو سہلانے لگا اور منہ ہی منہ میں ایک ہی ٹرانس کی کیفیت میں بڑبڑھاتے سوئی ی مہمل سے گویا ہوا ----------

مائی ی لولی برڈ !معلوم نہیں لوگ تمہیں مجھ سے دور کردیں ----- میں تم سے دور ہوں لیکن میں فاصلے مٹانا چاہتا ہوں میں تمہاری زلفوں کی سیاہی میں تمہاری جھیل سی آنکھوں میں سمندر میں برف کے تودے کی طرح کھو جانا چاہتا ہوں ۔

تمیں محبت کرنا چاہتا ہو اور میں تمہیں پانا چاہتا ہوں ایک روشن اور خوبصورت روح کو اپنی دسترس میں کرنا چاہتا ہوں پروانہ جیسے شمع کی روشنی میں کھو جاتا ہے میں کھونا چاہتا ہوں ۔

مجھے محبت کی گہرائیوں میں فنا کر دو اپنی ہستی کو مٹا کر تمہاری بانہوں میں فنا ہونا چاہتا ہوں میں تمہیں سینے پر سجانا چاہتا ہوں ۔

میں تمہارے عشق کے طوفان میں بہہ جانا چاہتا ہوں میں جاننا چاہتا ہوں کہ محبت کتنی خوبصورت ہوتی ہے ----------

وجدان "!!!نہلبت حمدانی سائیڈ ٹیبل پہ ختم ہوئے پانی کا جگ تھامے باہر آئی ے" تھے کہ وجدان کو مہمل کے قریب بیٹھے دیکھا اس وقت وجدان انہیں اپنے حواسوں میں نہیں لگا ۔اور نہ اس نے انکی آواز کو سنا تھا ---------

وجدان "!!!وہ پھر اسکا نام لیئے دھیمے غرائی ے اور جگ کیچن میں رکھ لمبے لمبے ڈاگ" بھرتے اس تک پہنچے اور اسکا وہی ہاتھ جو نیم بوجھل سا مہمل کی گال کی پشت پہ تھا جھٹ سے تھاما ----------

اپنے ہاتھ پہ کسی کی گرفت محسوس کر وجدان ایک منٹ میں ہوش کی دنیا میں لوٹا ۔ پہلے اپنا ہاتھ انکے ہاتھ میں دیکھ پھر اپنی گردن اٹھاتے انکا چہرہ دیکھ وہ شرمندگی و خائف سا ان سے اپنی نظریں یکدم چرا گیا اور سیدھا کھڑا ہوا ----------

چلو یہاں سے ۔ "اسکا ہاتھ تھامے وہ اسے تھوڑے دور کیچن کے جانب لائے اور"
ہاتھ جھٹکنے کے انداز میں چھوڑا ----------

وجدان کا سر انکے سامنے ندامت سے جھکا تھا جبکہ وہ اپنے سادہ پسند ہر طرح سے قابل
و فخر کرنے کے لائق بیٹے کو دیکھ رہے تھے جسنے آج انکا سر شرم سے جھکا دیا تھا

کیا ایسی تربیت کی تھی انہوں نے اسکی ؟ جو اسقدر بے باک شدت پسند ہوچکا تھا وہ
،----------کہ ایک غیر پرائی ی بچی کے ساتھ ------

ڈیڈ " !!وجدان نے اپنا سر اٹھا کر انکی جانب دیکھا جو کھاجانے والی نظروں غصے کی لالی"
سے سرخ ہوئی یں آنکھوں سے اسے دیکھ رہے تھے ----------

،ڈیڈ مم ۔ میرا ایسا ویسا کوئی ی مقصد -----

چپ بلکل چپ !!!ایک لفظ مت بولنا وجی ۔ کیا قصور ہے اس بچی کا ؟ وہ بچی ہم پر بھروسہ کر یہاں خود کو محفوظ سمجھ رہ رہی ہے لیکن اسے کیا معلوم اسکی حفاظت کرنے والے خود اس پر ایسی ویسی نظریں ۔۔۔۔۔ نہلیت حمدانی کی بات پوری ہونے سے پہلے وجدان اچانک پھٹ پڑا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

بس انف ڈیڈ !!ایسا بھی کیا کردیا میں نے ؟ جانتا ہوں میں اپنی لمٹس ۔ بے فخر" ہوجائیں کبھی آپکا سر نہیں جھکنے دوں گا اور کیا کہہ رہے ہیں آپ ایسی ویسی نظریں ۔۔۔۔۔۔؟ تو اسکا جواب بھی سنے شادی کرنا چاہتا ہوں میں اس سے ۔ "کہتا انہیں شاک کرگیا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ہوش میں ہو کیا کہہ رہے ہو ؟ "نہلیت حمدانی خود کو سنبھال بولے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔"

جی بلکل "!!!انہیں دیکھ دھیمے مگر نرمی سے بولا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔"

وہ نابالغ ہے تم ایک ڈاکٹر باشعور اتنے تعلیم یافتہ ہوتے اسطرح کیسے سوچ سکتے ہو ؟

میرا سکون ہے وہ ڈیڈ"۔ بھاری گھمبیر آواز میں انہیں دیکھ بولا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔"

وہ کبھی تمہاری نہیں ہوسکتی اور نہ تمہیں وہ کبھی ایسے سوچ بھی سکتی ہے جیسے تم اسکے بارے میں سوچتے ہو ۔ وجی تم دونوں میں ایج ڈیفرینس بہت ۔۔۔۔۔۔،

میرا جنون ہے وہ اور یقین جانے میں اسے خود کو چاہنے پر مجبور کردوں گا ۔ "پریقین " ٹھوس لہجے میں بولا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اور وانیہ کا کیا ہوگا ؟ میں نے تمہاری ماں نے ان لوگوں کو زبان دے رکھی ہے ۔

ڈیڈ وہ اجکل کی ایک باہمت باشعور لڑکی ہے ۔ مجھے نہیں لگتا اسے کوئی ی فرق پڑے" گا ۔ ہم دونوں میں بہت پہلے ہی اس ٹاپک پہ بات ہوچکی ہے وہ مجھے ایک اچھا اپنا دوست اور کزن سمجھتی ہے اس سے زیادہ کچھ نہیں اور میری جانب سے بھی یہی ہے ۔

ہم دونوں ہی آپ بڑوں کی بات کا مان رکھ یہ فیصلہ کررہے تھے کہ شاید ہم دونوں آگے زندگی بھی ایک دوسرے کے ساتھ خوشحال گزار سکیں ۔ بس اسی لیئے ہم ابھی تک اس فیصلے پر قائم ہیں ----------

لیکن ڈیڈ میری زندگی میں مہمل چاند کی چمکتی روشنی بنکے آئی ہے جسکی چمک نے مجھے تسخیر کر لیا ہے ۔ میں نہیں رہ سکتا اب اسکے بغیر ۔ ادھورا ہوں میں اسکے بغیر ۔ اچھی لگتی ہے مجھے وہ ۔ "اپنی گرم سانسیں باہر خارج کرتے ایک ہلکی سی ترچی نظر مہمل کو پیار سے دیکھ بولا ----------

اسکے معصوم چہرے کو دیکھ وجدان کو لگا آج وہ خود کو ہار بیٹھا ہے ۔ ایک تھکن سی تھی اسکی آواز میں ۔ سینے میں دھڑکتا یہ لوتھڑا سامنے نیند میں مشغول اس پھول کو پانے کے لیئے مچل رہا تھا ----------

ہمم اچھا !تو یہ بتاؤ اگر اسکا بھائی نہیں مانا تو ؟

چھین لونگا میں اس سے "۔ وجدان کے لہجے میں جنون بول رہا تھا ۔ انہیں تو ایسا ہی"
لگا ۔ ایسا جنون جو ہر حد پار کر کسی کو بھی خاک کر کے رکھ دے ----------

عجیب دیوانگی تھی ۔ نہلبت حمدانی صاحب کو وہ ایک پل کے لیئے اپنا صوبر سا سلجھا
سیدھا سادا بیٹا نہیں لگا ---------

انکے کے سامنے تو اس وقت جو کھڑا تھا وہ تو کوئی ی اور ہی تھا ----------

****

میری وفا کا تقاضا کہ جانثار کروں

اے وطن تیری مٹی سے ایسا پیار کروں

میرے لہو سے جو تیری بہار باقی ہو

میرا نصیب کہ میں ایسا بار بار کروں

خون دل سے جو چمن کو بہار سونپ گیا

اے کاش ان میں خود کو شمار کروں

میری دعا ہے میں بھی شہید کہلاؤں

میں کوئی ی کام کبھی ایسا یادگار کروں

PKPKPK!!! پاکستان زندہ باد

!!!! اللہ اکبر

باآواز گھمبیر بھاری یکجا بلند نعروں سے پورا واگاں بارڈر گونج اٹھا --------

ماحول میں موت جیسی چاہی خاموشی کو دشمن نے آخر کار صبح کی روشنی پھیلتے ہی توڑ ڈالا

یکدم دشمن فوج کے سپہ سلاروں نے بارڈر پہ شدید ترین حملہ کیا----------

سامنے سے شیلنگ بمباری، خطرناک قسم کی گولاباری، فائر آبدوز کے حملے دیکھ پاک فوج بھی الرٹ ہوئے انکی بربریت پہ ٹوٹ پڑی ----------

تھوڑی ہی دیر میں واگاں بارڈر ایک جنگ کا میدان بن چکا تھا ۔ ہر طرف آگ کے بڑھکتے دہکتے شعلے، ہر پل اپنے ملک کی حفاظت کرتے دل و جان سے نوجوان شہید ہوتے اپنے آخری سانس تک لڑتے خون سے لت پت زمین بوس ہوتے وطن کی مٹی میں بہتا انکا خون ایک کرب ناک درد ناک سنسنی پھیلا رہا تھا ----------

ایک روگھنٹے کھڑے کرد ینے والا عزیت ناک ، خوفناک منظر تھا ۔ جسے عام دل انسان دیکھے تو وہی اپنے ہوش و حواس کھو بیٹھے ----------

سر !!!جنرل آفتاب رائےنڈ کی پشت سے ایک دل دہلاتی سراسراتی درد بھری بھاری آواز ابھری ----------

انکے پاس اتنا بھی ٹائم نہیں تھا وہ پیچھے موڑ کر اس آواز کا احاطہ کرسکے ۔ چونکہ انکی ایک منٹ کی غفلت انہیں انکی زندگی سے ہاتھ دھو بیٹھنے پر مجبور کرسکتی تھی

آہہہ !!!"وحشتزدہ چیخ گونجی ۔"

ایسی بریل جس کی ایک بولیٹ انتہائی زہر آلودہ ہوتی ہے کہ انسان بامشکل پانچ منٹ ہی زندہ رہ پاتا ہے جس کے بعد اسکی موت متوقع ہوجاتی ہے ۔

دشمن ملک کے جانب سے ایک ایسی ہی بریل سے نکلتی ہوا کو چیرتی گولی جنرل آفتاب رائےنڈ کو نشانے میں لیئے دیکھ کیپٹن اسناد نے انہیں پوری جی جان سے پکارا مگر اپنی

آواز بے سدھ محسوس کر وہ ہوا کی تیزی سے جنرل کے سامنے آئے اور خود اپنے چوڑے سینے میں وہ گولی پیوست ہوتی محسوس کی ----------

اور وہ وہی روح افزح فنا کرد ینے والے شدت درد سے اپنے لب پیوست کیئے نیچے زمین پہ گرتے چلے گئے ۔ جنہیں دیکھ اس ہواس جھنجھوڑتے منظر پہ جنرل ہکا بکا سے اپنے بہادر آفسر کو سامنے تڑپتے ، سسکتے دیکھ ایکدم خود بھی نیچے اسی کے ہمراہ بیٹھتے چلے گئے ----------

جبکہ جنگ جاری تھی ----------

آفسر ہرپ !!انہیں فرسٹ ایڈ کے لیئے لیکر جائے ۔ موو فاسٹ ۔ "وہ اتنی تیز" دھاڑے کے پیچھے سپاہی موجود ان تک بھاگے بھاگے آئے ----------

آہہہ !! "اسی ہربڑاہٹ میں ایک اور دل دہلانے والی آواز گونجی ----------"

اور یہ آواز اور کسی کی نہیں بلکہ ضوریز لشاری کی تھی ۔ جو جنرل آفتاب کی جگہ آکر سنبھالے دشمنوں کو دھول چھٹا رہا تھا پیٹ میں تیزی سے وہی گولی لگی کہ وہ مضبوط بھاری مرد یکدم وہی ڈھیر ہوا ----------

ہیلو ہیلو !!!رائی ڈر سے خرکت بھاری آواز گونجی ۔ آپ لوگ اگر ہمیں وہ دیوائی س دے دیں ۔ تو یہ خطرناک حملے تھم بھی سکتے ہیں اور اگر نہیں ---------- آگے وہ ادھوری بات چھوڑے ڈسٹرکٹ کرچکے تھے ----------

، یہ دشمن ملک کی جانب سے انہیں دھمکی آمیز بھرا پیغام تھا جو جنرل آفتاب، ضوریز آغر اور کیپٹن اسناد کے کانوں میں کسی سیسے کی طرح پگلا تھا ----------

ماضی میں پاک فوج نے دشمن ملک کا ایک اسپائے پکڑا تھا جس کے پاس وہ دیوائی س تھی جس میں اس اسپائے کے بڑے سے بڑے جرم کے ثبوت اور کارنامے موجود تھے

جو انکے لیئے کسی بہترین تمغے سے کم نا تھے اور پاک افواج کے لیئے بھی وہ کسی اعلی کارنامے سے کم نا تھے ----------

اوپر سے انہیں اسی لیئے بھی وہ چاہیئے تھی کہ کہیں انکے راز آفشاں نہ ہوجائیں ۔ وہ کسی بھی طریقے سے وہ دیوائیس ہر حال میں حاصل کرنا چاہتے تھے ----------

جس کے باعث وہ جنگ کرنے پہ اتر چکے تھے ----------

ضوریز آر یو اوکے "!!اسے بھی زمین بوس ہوئے گرتے وہ اب ایکشن میں آئے تھے"

حملہ " !!!ایک ایک لفظ گونجا کہ پاک افوج سمیت ازمیر بھی سب سر پر کفن باندھے" ان پر ایک بار پھر جی جان سے ٹوٹ پڑے ----------

ان چند سیکنڈ میں انکے ایک ایک سپاہی کا صفایہ کر انکے ہوش مکمل طور پر ٹھکانے لگائے وہ بتا چکے تھے وہ پاکستان کی آخری لکیر ہیں ۔ ملک پاکستان کے ہر دشمن کی موت ہیں ۔ وہ وہ للکار ہیں جس پر دشمن لرز جاتا ہے ۔وہ پاک سرحدوں کے محافظ ہیں ----------

پاک افواج کی جانب سے اٹل بہترین مقابلہ ہوتے دیکھ انکی جانب سے یکدم حملے روکے ----------

اوکے ہم اپنی ہار تسلیم کرتے ہیں ۔ ہم اپنے سپہ سلاروں کو لیئے اس جنگ کا اختتام کر واپس لوٹ رہیں ہیں لیکن آپ لوگ یہ مت سمجھیئے گا کہ یہ حملے دوبارہ نہیں ہونگے یہ جب تک ہوتے رہیں گے جب تک ہمیں وہ ڈیوائس نہیں مل جاتی ۔

رائیڈر سے خرکت بھری انکے جنرل کی آواز گونجی ۔ جسے سن پاک افواج کی طرف سے بھی حملے تھمے ----------

جس کے بعد وہاں کچھ زخمی اور کچھ شہیدوں کی لاشیں اٹھائی گئیں

سر "!!!آرمی ایمبولینس ہسپٹال کی گاڑی میں اسٹیچر پہ لیٹے اسناد کی درد سے دھری" آواز انکے کانوں میں پڑی جو اپنے دونوں ہاتھ ایک دوسرے میں الجھائے متفکر سے بیٹھے ہوئے تھے کہ اسکی آواز پہ انہوں نے سر اٹھائے اسکے چہرے کودیکھا ۔جہاں کرب ہی کرب تھا ۔ اسے دیکھ وہ اپنی آنکھیں میچ گئے ۔ یہ اچانک ان پر حملہ دھوکے سے کیا گیا جسکا شکار وہ دونوں ہوئے تھے ----------

برابر میں لیٹے ضوریز کی بھی یہی حالت تھی ۔ ایک نظر اس پہ بھی ڈالی جہاں باہر اسکے پاس ازمیر اور آغر اپنا توانا وجود لیئے کھڑے تھے ----------

وہ دونوں اسکی دلیری کو دیکھ فکر محسوس کر رہے تھے کہ ان میں ایک اور آرمی بہادر نوجوان کا اضافہ ہوگیا تھا اور سمجھ بھی آگیا کہ وہ کسی کی سفارش نہیں بلکہ اپنی محنت و بلبوتے پہ اس پوسٹ تک پہنچا تھا ۔ وہ یہاں تھا کیونکہ وہ اس اعزاز کا حقدار تھا

نن ۔ نہیں !!!

کیپٹن اسناد کی شرٹ چیرتے گولی کی جگہ گہرا چھیرا لگاتے گولی نکالنے میں آرمی ڈاکٹر مشغول تھا کہ اسکے منہ سے درد ناک چیخ نکلی ----------

وہی یہی پراسس ضوریز کے پیٹ میں لگی گولی پر بھی کیا جارہا تھا ۔ جو شدت ضبط سے تڑپتے اسٹریچر کو مضبوطی سے لب بھینچے گرفت میں لیئے ہوا تھا ----------

کیونکہ اگر یہ گولی انہی پانچ منٹ میں نہ نکلی تو زہر فوراً ہی پورے جسم میں پھلینے کا خدشہ تھا جس سے موت متوقع تھی ----------

جاری ہے ----------

منِ عزیزم

قسط نمبر 50

by parishy baig

Don't copy paste 🚫

سس ۔ سر اگر سارا جہاں بھ ۔ بھی میرا ہوتا تب بھی مم ۔ میں اپنے جان سے" پیارے ملک کا ہوتا "۔ شدت تکلیف سے کیپٹن اسناد کی عنابی لبوں سے الفاظ نکلے

جس کے الفاظ وہاں موجود جنرل آفتاب رائی نڈ ، میجرز آغر ، ضوریز ، آزمیر سبکی سماعتوں سے ٹکرائے ---

سر مجھ ۔ مجھے خوشی ہے میں اپنے ملک کی حفاظت و بقا میں شہید ---، میجر" اسناد کے یہ آخری الفاظ تھے کہ انکا انکی سانسوں سے رابطہ منقطع ہوا اور وہ خالیقی حاقیقی سے جاملے ---

انکی موت پہ وہاں کھڑے ہر ایک شخص کی آنکھ اشک بہار ہوئی ی ۔ وہ ایک قابل آفسر تھا اور اسکا لوس انکے لیئے بے حد بڑا تھا ---

For more novels visit our website
www.urdupdfnovel.com

جنرل افتاب کیپٹن اسناد کی کھلی آنکھوں پہ ہاتھ رکھ ان کی آنکھیں بند کرگئے

شہید ہو تم اور شہید کبھی مرا نہیں کرتے وہ زندہ رہتے ہیں دلوں میں "۔کہتے وہ جلتی" انگارہ آنکھوں کو ضبط سے بند کرگئے ----------

وہاں سے یکدم سپاہیوں نے کیپٹن اسناد کی ڈیتھ باڈی اٹھالی اور لیکر چلے گئے انکی آخری رسومات کی تیاریاں کرنے لگے ----------

وہیں ضوریز اس سارے دل ہولانے والے منظر پر اپنے لب درد سے مزید بھینچ گیا

سب کو افسوس تھا کیپٹن اسناد کی موت پہ ----------

آہہہ ---- "!!ضریر کی گولی نکال دی گ ئی جس پر اسکے منہ سے خوفناک چیخ برآمد" ہوئی ی ----------

اسکے بعد اسکی مرہم پھٹی کر اسے دوائی یں دے وہی نیند کا سکون کا انجیکشن لگا دیا گیا جس کے باعث وہ کچھ ہی دیر میں غونگی میں چلا گیا ----------

اسے نیند میں ڈوبتے دیکھ جنرل افتاب ایمبولینس سے نیچے اترتے اسکا دروازہ بند کرگئے اور حکم جاری کیا اسے پروپرلی چیک اپ کے لیئے ہاسپٹل لے جایا جائے ----------

جنکے اترتے ہی سب وہاں کھڑے فوجی افسرز سپاہی سب الرٹ ہوئے ----------

آپ سب نے آج بتا دیا آپ سب پاکستان کی ہر دشمن کے لیئے للکار ہیں ۔ ایک" جو دشنوں کے پل میں چھتڑے بکھر کر رکھ دیں ۔ آپ سب فخر snake eater ہیں اس ملک کا ۔ پاک فوج زندہ باد

پاکستان زندہ باد !!!!"۔

جنرل کی بھاری خرکت آواز گونجتی وہاں کھڑے ایک ایک آفسرز کو پرجوش کرگئی

جسے سن وہ سب اپنی اپنی آنکھوں میں جزبہ، دل میں عزم ، فخریہ لب و لہجے میں اپنے اپنے سر پہ ہاتھ رکھ انہیں سلوٹ مارتے پاکستان زندہ باد کا نعرہ باآواز بلند کرگئے

دنیا کتنی ہی ماڈرن ہوجائے لیکن جو گریس خاکی یونیفارم میں ہے ناں وہ دنیا کے کسی" بڑے سے بڑے برینڈ میں نہیں "۔ برابر میں الرٹ کھڑے ازمیر کی کان میں آغر نے بھاری سرگوشی کی ----------

!! ہاں ہنڈریڈ پرسنٹ"

ویسے ہم پولیس والے بھی کسی سے کم نہیں "۔ اسکی بات کے آخر میں اپنا وردی کا کالر فخریہ اکڑاتے کہا ----------

ہاں !!تب ہی پولیس وردات ہونے کے بعد جائے وقوع پر پہنچتی ہے ۔ اب ان لوگوں کو کون بتائے فلم تو ختم ہوچکی "۔ جلانے والی اسمائ ل کے ساتھ آزمیر کو آگ لگا گیا --------"

کمینے اپنے محکمے کے لیئے ایک لفظ برداشت نہیں کروں گا ۔ تمہارا محمکہ محکمہ ہے اور ہمارا محمکہ کچھ نہیں "۔ گویا وہ تپتا غصے سے بولا ----------"

ہاہاہا !!دونوں اپنے ہی ہیں "۔ کہتا اسے وہی زور سے گلے لگاتا خود میں بھینچ گیا"

میجرز واٹ از یور بی ہیوئ ر رائ ٹ ناؤ !!!۔"

جنرل نے انہیں ایک دوسرے سے گفتگو کرتے مزاحیہ لہوں لہجے سن ٹوکا --------"

!!! "سر ۔ سر نتھینگ"

دونوں یک زبان ہوتے اپنی اپنی جگہ سیدھے کھڑے ہوگئے ۔ جبکہ باقی آرمی آفسر انہیں دیکھ اپنی دبی دبی ہنسی دبانے لگے ---------

اوکے !!!آپ سب کے تعاون کا بہت بہت شکریہ اب آپ سب جاسکتے ہیں "۔" جنرل نے وہاں کھڑی گاڑیاں پولیس، فورسسز ، فائر برگیڈڈ وہاں جنگ میں شامل ہوئے سب کو دیکھ کہا ----------

جنہیں دیکھ ایک کے بعد ایک گاڑی وہاں سے نکلتی چلی گ ئی یں ۔ باقی وہاں کھڑے آرمی افسرز سرحد پر اپنی اپنی ڈیوٹی انجام د ینے لگے ---------

✧✧✧✧✧✧✧✧✧✧✧

براؤ ن کرتے،گلے میں ڈالی اسکن کلر کی شال، بالوں کو جیل سے سیٹ کیئے ہاتھ میں برنڈڈ گھڑی ، پیشاوری کیڑھی پہنے وہ نک سک سا تیار ہوا جازب نظر لگ رہا تھا ساتھ میں حمیدہ بیگم ہلکے گرین اور پرپل سے امتزاجی سوٹ میں ملبوس اپنے روایتی گہنے پہنے اوپر سے نیچے تک سجی چلتی گھر سے پیدل ہی فروٹس تحفے تحائف نجانے کیا کچھ لیئے ملازموں کی فوج اور ابرار سمیت کنزیش کے گھر کے جانب گامزن تھیں ----------

جن لوگوں کے ٹھاٹ بھاٹ دیکھ گاؤں کے لوگ تعریف اور واہ واہ کرتے نہ تھک رہے تھے اور کچھ تو شریف احمد کے گھر اس دھماکے دار تیاری کے ساتھ جاتے تکتے عش عش کر اٹھے اور کچھ جل بھون گئے کہ پتہ نہیں کیا مہاجرہ ہے کہ اتنے قیمتی سازو سامان کھانے پینے کے اشیا لیکر وہ لوگ انکے گھر جارہے تھے ----------

اور اسی تجسس میں گاؤں کے لوگوں کی انکی جانب سے نظریں نہیں ہٹ رہی تھیں

جاری ہے ----------

منِ عزیزم

قسط نمبر 51

پریشے بیگ

Don't copy paste ✖

"بی بی جی --- بیگم صاحبہ !!آ۔ آپ یہاں کیسے ؟"

رائی مہ کی ماں نے دروازہ بجنے پہ دروازہ کھولا تو سامنے حمیدہ بیگم کو دیکھ چونکی باقی ہوش حواس تو تب غرق ہوئے جب انکی پشت پہ ابرار سکندر کو اپنی وجیہہ پر سنٹلی لیئے اور اسکے بھی پیچھے نوکروں کی فوج انکے ہاتھوں میں تھامے بھر بھر کے سامان کے ٹوکریں ۔ وہ تو جیسے سکتے میں چلیں گ ئی یں ---------

حسینا تجھے یہی کھڑی رکھنا ہے مجھے ؟ اب پرے ہٹ اندر بھی آنے دے "۔ حمیدہ" بیگم کی آواز نے انہیں حقیقیت میں لاپٹکا ۔ ہوش میں آتیں وہ گڑبڑائی ی بھوکلائی ی سی یکدم انہیں اپنی سائیڈ چھوڑ جگہ دے گ ئی یں ----------

جسے دیکھ تمام ساتھ آئے ملازمین کو اپنا سر ہلا کر حکم دیتیں جن کا حکم بجا لاتے وہ سب ایک کے بعد ایک اندر گھر میں جاتے بیچ صحن میں رکھی چارپائی ی پہ سارے ٹوکرے رکھ باہر آئے اور وہاں سے پھر حکم ملتے ہی رفو چکر ہوگئے ۔ اب بچے تھے صرف ابرار حمیدہ بیگم اور انکے ساتھ آئی ی ایک ملازمہ ----------

یکا یک گھر میں ہلچل، گھما گھمی محسوس کر کمرے میں بیٹھی رائمہ نے اپنا پہلو بدلہ اور کمرے سے اٹھتی کمرے سے باہر آئی ی تو وہاں کا منظر دیکھ اسکی آنکھیں پھیلی پھٹی کی پھٹی رہ گ ئی یں ---------

اسکے ساتھ ساتھ کیچن میں کام کرتی کنزیش بھی یہ منظر دیکھ تجسس میں اپنے بڑی بڑی خوبصورت آنکھوں سے سب دیکھنے اور سمجھنے کی کوشش کرنے لگی ----------

والدہ آپ جائی یں میں زرا ڈیرے پر جارہا ہوں "۔ انکے دونوں کندھوں پہ ہاتھ رکھ بولا ۔" جسے کے خوبصورت چہرے پر اپنی نگائی یں اٹھائی یں دیکھ انہوں نے اپنی آنکھوں کے اشارے سے اسے اجازت دی ---------

جنکی اجازت کے بعد وہ وہاں سے انہیں انکے در پہ چھوڑ اپنے لمبے لمبے ڈاگ بھرتا نکلتا چلا گیا ----------

اب حمیدہ بیگم اپنی مغرورانہ چال چلتی اپنی ملازمہ کے ہمراہ اندر داخل ہوئی یں ۔ جنکے آتے ہی حسینا بیگم نے فوراً دروازہ بند کیا ----------

انکے دروازہ بند کرتے ہی وہاں گاؤں کی عورتوں کا آہستہ آہستہ چھپا ہوا ہجوم جما ہوگیا ۔ کان لگا کر سننے کے لیئے ۔

حسینا تیاریاں شروع کردے تو ۔ یہ اب سے میرے بیٹے کی امانت ہوئی ی "۔"

حمیدہ بیگم شرمائی ی شرمائی ی سی کمرے میں بیٹھی رائی مہ کے قریب بیٹھیں اپنی ملازمہ کے ہاتھ میں تھامی تھال سے لال کپڑا ہٹائے اس میں رکھی لال ہی رنگ کی نیٹ کی گھوٹے لگی چونری نکال اسکے سر پر اوڑھاتیں کچھ پیسے اسکے سر سے وارتیں اپنے ہاتھ میں پہنے مہنگے ترین کنگن کو اتار اسکے نازک سرخ کلائی ی میں پہناتیں اسے دیکھ پیار سے بولیں ----------

جبکہ حسینا بیگم تو ابھی تک صدمے میں تھیں ۔ انکی بیٹی اتنی خوش قسمت تھی کہ اتنے بڑے خاندان سے اسکے لیئے رشتہ خود چل بلکہ مالکن خود لائی ی تھی ۔ یہ سب کچھ مسمرائی ز کرد ینے والا تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہیں رائی مہ کی دل کی مراد خواہش اسکے ہونٹوں تک لائے بغیر ہی پوری ہونے جارہی تھی ۔ اسکا دل تو زور و شور سے ڈھڑکتا ہوا کے سنگ اڑتا چلا جارہا تھا ۔ سمجھ میں نہیں آرہا تھا کیسے ری ایکٹ کرے ۔ یہ سب اس قدر آنکھوں کو چندیانے اور دماغ کو سلب کر دینے والا تھا لیکن جو بھی تھا وہ بہت خوش تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

آخر اتنے ناموار بڑے خاندان کی بہو بننے جارہی تھی وہ ۔۔۔۔۔۔۔۔

ی۔یہ چائے "۔کنزیش روم میں اپنے بھاری قدم آہستہ آہستہ اٹھاتی آئی ی اور ان" سب کو چائے سرو کی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔

حسینا یہ کون ہے؟ اسے کبھی دیکھا نہیں ؟ "حمیدہ بیگم مقابل کھڑی نازک خوبصورت" سی کنزیش کو نہارتی بولیں --------

اتفاق ہی تھا کہ ایک ہی گاؤں میں رہتے انکا کنزیش اور کنزیش کا ان سے کبھی آمنا سامنا نہ ہوا یہی نہیں بلکہ انکے گھر والوں سے کسی سے بھی اسکی کبھی ملاقات نہیں ہوئی ی یا شاید وہ خود جان بھوج کے کبھی ان سب کے سامنے نہیں آئی ی یا شاید آنا ہی نہیں چاہتی تھی ----------

بی بی جی یہ تو کنزیش ہے انہی لوگوں کے ساتھ ہی تو رہتی ہے ایک عرصہ ہوگیا یہاں" رہتے اسے "۔ انکے برابر میں بیٹھی ملازمہ نے انکے کان میں سرگوشی کی ----------

"اوو اچھا !!میں نے تو اسے پہلی بار دیکھا ہے"

آ۔آپ بیگم صاحبہ لیں ناں چائے "۔ حسینا نے اسکے بے پہناں حسن سے ڈرتی " گھبراتی حمیدہ بیگم کا رخ چائے کی جانب دلوایا کہیں وہ این ٹائم پہ اپنا فیصلہ نہ تبدیل

کردیں ۔ ہلانکہ رائی مہ خود پیاری تھی لیکن وہ پھر بھی کسی کی بھی اپنی بیٹی کے نصیب پہ بری نظر لگتی نہیں دیکھ سکتی تھیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔

یہ میرے ابرار کی دلہن بنے گی ۔ یہ لو بیٹا میٹھائی کھاؤ "۔ کنزیش سے نظریں ہٹائے" میٹھائی کے ڈبے میں سے گلاب جامن کا ٹکرا رائی مہ کے منہ میں ڈال وہ اپنی جگہ پر بیٹھ حسینا بیگم کے متوجہ کروانے پہ چائے کی جانب مبزول ہوئی یں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اسے منا بھی کیا تھا وہ وہاں نہ آئے وہ خود آئی یں گی لیکن انہیں نہ آتے دیکھ بیچاری کنزیش بھی کیا کرتی چائے کو ٹھنڈی ہوتی دیکھ وہ خود ہی لے آئی

پر اب یہاں کا منظر دیکھ وہ ٹوٹکی تھی ۔ تو یہ مہاجرہ تھا ۔ اسکا دل زخمی سا سینے کی چادر میں دھیمے دھیمے دھڑکتا تڑپ چکا تھا ۔ کان سماعت کھو چکے تھے ۔ چہرہ لٹے کی ماندد سفید ہوتا ، دماغ ہر سوچ سمجھنے کی صلاحیت کھو بیٹھا تھا اور پاؤ ں اپنے وجود کے وزن کو برداشت نہ کرتے سنبھالے رکھنے سے انکاری ہوچکے تھے ۔

اسکا دل کیا آج وہ پھوٹ پھوٹ کر رودے ۔ ایک وہی تو تھا جسے دل کے کسی کونے میں چھپا کے بیٹھی تھی ۔ جسکے ہونے کا احساس ہی کافی تھا ۔ جو اسے اپنی جان سے بھی زیادہ عزیز تھا ۔

آج پھر اس وجود نے اسکے تمام تر احساسات کا بری طرح سے گلا گھونٹا تھا ۔ اسے کہیں کرچیوں میں توڑ چکا تھا وہ ۔ اسے لگا تھا ان کچھ دنوں میں وہ پھر سے جی اٹھی ہے لیکن آج اس ظالم نے اسے صیح معنوں میں موت کے گھاٹ اتار دیا تھا

اسکی سانس نہیں آرہی تھی ۔ گلا رند گیا تھا اور تکلیف حد سے سوا تھی ۔ گہرے گہرے سانس لیتی وہ وہاں جیسے آئی ی ویسے نکلتی چلی گ ئی ---

ضبط تھا کہ اپنے کمرے میں آتا ٹوٹ چکا تھا اور وہ بلکتی پھوٹ پھوٹ کر رودی

اتنی تکلیف تو اسے اپنے ساتھ ہوئی یں زیادتیوں، بے حس راوئی یوں سے بھی نہ ہوئی ی جتنی آج اس ظالم نے دی تھی ۔ ایسے کہ اسکا دل نوچ لیا تھا ۔ اسے جیتے جی زندہ درگور گردیا تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اگر اتنی ہی رائی م ۔ رائی مہ پسند تھی تو مجھے کک ۔ کیوں شادی کک ۔ کے خواب" دیکھائے ؟ "خود سے بڑبڑاتی اپنے بال نوچنے لگی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

مم ۔ میں پاگل تھی جج ۔ جو کہی ۔ کہیں نا کہیں اسکی باتوں پہ یقین کرنے لگی ۔ وہ" پہلے مج ۔مجھے جب اسکی سخت ضرورت تھی تب چھوڑ کے جاسکتا ہے تو اب کک ۔ کیوں نہیں ؟ "اسے ہچکی آئی ی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

تم کب اس سے شادی کرنے پر راضی تھیں ؟ اسکے دل سے آواز آئی ی ۔ کب تک تمہاری نا سنتا آخر وہ ایک مرد ہے عام انسان کرلیا اسنے بھی فیصلہ رائی مہ سے شادی کرنے کا ۔ اب تمہیں برا کیوں لگ رہا ہے ؟ درد کیوں تڑپ کیوں رہی ہو ؟ یہی تو چاہتی تھیں تم ؟

مم ۔ میرے ساتھ اس نے بے وفائی ی کی ۔ اوو تو تم نے کب اسکے ساتھ وفا کی ۔ اسکی اندر کی آواز اسے جنجھوڑ رہی تھی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

میں نے تو کی وفا لیکن اسنے نن ۔ نہیں کی ۔ بھیگی مترم آنکھیں غم سے پھڑپھڑاتے سرخ ہونٹ ، درد سے اسکا دماغ پھٹ رہا تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

مم ۔ میں کیوں رو رہی ہوں ؟ کیوں پاگل ہورہی ہوں اس کے پیچھے ؟ وہ کسی سے بھی شادی کرے مجھے کوئی ی فرق نہیں پڑھتا ۔

بے دماغی سے کہتیں ہاتھوں میں پہنی کانچ کی کچھ چوڑیوں میں سے ایک نکال اسے توڑا اور کلائی ی سے تھوڑا اوپر بڑے حرفوں میں ابرار کا نام لکھ کچھ ہی دیر میں اپنے ہاتھ کو خونم خان کرچکی تھی ۔ عجیب سا جنون سوار تھا اسکے سر پر ۔

اسکا دماغ شاید کام کرنا چھوڑ چکا تھا ۔اسی لیے ہاتھ میں اٹھتی درد کی لہریں محسوس نہیں ہورہی تھی پر اس درد اذیت کا اندازہ بھینچے سرخ لبوں سے جامنی ہوئے رنگ سے پتا لگ رہا تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔

جب اسنے مکمل نام لکھ لیا تو چوڑی کے ٹکرے کو دیکھا جس سے خون کی بوندیں ٹپک رہی تھی پھر مسکرا کر نام کی طرف دیکھا ۔۔۔۔۔تو اسکے سرخ ہاتھ پر وہ نام اپنے آب و تاب سے خون میں جگمگا رہا تھا ۔

خون نام سے دھاڑے مار اسکا پورا ہاتھ لہولہان کرگیا ۔ زمین بھی خون سے رنگ رہی تھی ۔ آنکھیں سے بھی مانو لہو ٹپک رہا ہو ۔

اب بھڑکتے دماغ کو ہاتھوں سے تھام کر زمین پرگھٹنوں کے بل بیٹھ گ ئی ۔ وہ چیخنا نہیں چاہتی تھی ۔ پردل کر رہا تھا زور سے دھاڑے کہ پوری منزلیں اپنے اوپر گرا کر خود کو ذرے ذرے میں تقسیم کر دے ۔ درد کی ایک لہر اسکے تن بدن میں اٹھی ۔ جس کا مقابلہ دل کے درد سے کرنے لگی ۔ اپنے آپ کو کیا کرتی جسکے اندر بے سکونی ہی بے سکونی اور تڑپ تھی ۔

سکون دینے والے نے تو خود اسے جلتی آگ کی تپتی بھٹی کے نظر کیا تھا -------

اسنے یکدم سکون سے آنکھیں موند لی جیسے سینے میں دھڑکتے بے ترتیب دل کو سکون دینے کی ناکام سی کوشش کی گ ئی ہو ---------

مر جاؤ تم ابرار --- "سسکتی بڑبڑاتی کہتیں وہ درد سے دھری ہوئی ی نیچے گرتی اپنے" ہوش و حواس کھو چکی تھی ----------

✧✧✧✧✧✧✧✧✧✧

تقریبا ایک گھنٹے کے اندر اندر ضوریز کو ہوش آیا ۔ وہ خود کو ہاسپٹل کے بیڈ پر لیٹے پیٹ پہ پٹی ہاتھ پہ ڈرپ لگے دیکھ تھوڑی دیر تو کچھ سمجھ نہ سکا مگر پھر دماغ پہ زور ڈالا تو اسکے سامنے سب کچھ گھومنے لگا ---------

اسنے اپنی گردن کو موڑ اردگرد کا جائزہ لیا جو آرمی ہاسٹل معلوم ہورہا تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہاں دیکھ بھال کرتیں فیمل آرمی افسرز اور میل آفسرز کے علاوہ کوئی ی تیسرا شخص نہیں تھا شاید اسلیئے کہ یہ آرمی ہاسپٹل تھا یہاں کسی باہر والے کی مداخلت ان سب کے لیئے خطرے کا باعث بن سکتی تھی ۔ اسی وجہ سے ہاسپٹل میں مخصوص و محدود اسٹاف تھا ۔ وہ بھی صرف آرمی فورسسز سے تعلق رکھنے والا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

Sir How is your feeling now?

اسے موومینٹ کرتے دیکھ سامنے دوسرے زخمی افسرز کی مرہم پٹی کرتے ایک فیمیل افسر کی نظر اس پر پڑی اور وہ فوری طور پر دوڑنے کے انداز میں اس تک پہنچی کیونکہ انہیں اوپر سے اوڈر تھے وہ جیسے ہی ہوش میں آئے جنرل کو اطلاع پہنچائی ی جائے۔

ایم اوکے ۔۔۔ "!!کہتے اٹھ کر بیڈ پر بیٹھ اسے بنا دیکھے اپنے بھاری ہاتھ میں لگی" ڈرپ دوسرے ہاتھ سے نکلنے لگا ۔۔۔۔۔۔۔۔

سر ایسا نہ کریں ۔ آپ ابھی پوری طریقے سے ٹھیک نہیں ہیں ۔ ٹرٹمنٹ کی ضرورت" ہے آپ کو "۔ اپنی نسوانی میٹھی مگر رعب والی آواز میں کہتی اسکی تگ و دو کو دیکھتی جلدی جلدی بولی ---------

ضوریز کے چلتے ہاتھ ایک پل روکے ----------

do you understand اپنے کام سے کام رکھیں"

میں نے کہا میں ٹھیک ہوں مطلب ٹھیک ہوں ۔ "اپنی بھاری خرکت آواز میں بولتا اسے چپ کرواگیا اور فوراً ڈرپ کو نکال خود سے الگ کیا ---------

جاری ہے ----------

منِ عزیزم

قسط نمبر 52

by parishy baig

Don't copy paste 😊

سامنے کھڑی آفسر اسکی جارحانہ قسم کی حرکات اور لہجہ سن ساکت سی اسکی دیو جیسی جسامت اور خوبصورت چہرے پر ہمتن سنجیدگی ماتھے پہ بل دیکھ اسے لگا وہ مرد صدقے ، واری جانے کے قابل ہے اور آج کام بھی تو ایسا ہی کیا تھا ہر طرف ٹی وی ،انٹرنیٹ اخباروں میں اسکی اور تمام آفسرز کی میڈیا تعاریفوں کے پل باندھتے نہیں تھک رہی تھی

اسے نجانے کیوں وہ آفسر ہمتن سنجیدہ سا رعب دار چھا جانے والی شخصیت کا مالک ضوریر لشاری اچھا لگا تھا ۔

وہ بنا پلکیں جھپکائے اسے ہی دیکھی جارہی تھی ----------

جبکہ ضریر کے ماتھے پر لاتعداد بل مزید بڑھ گئے دماغ کی رگیں اس فی میل آفسر کی ایسی بے باکی سے خود کا مکمل جائزہ لیتے دیکھ پھولنے لگیں تھیں ----------

مس آفسر آپ جاسکتیں ہیں یہاں سے "۔"

دھیمے مگر خرکت لہجے میں دبا دبا غرایا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔

جج ۔ جی سر "۔ وہ اپنی بے خودی پر خود کو ہزار سلواتیں سناتی یکدم وہاں سے پلٹ" گ ئی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔

کیسی طبیعت ہے آفسر ؟ "آغر اور ازمیر ہاسپٹل میں اسے دیکھنے کے لیئے آئے تھے ۔" وہ لوگ کیپٹن اسناد ایک بہادور آفسر کو تو کھو چکے تھے لیکن دوسرے کی اتنی کریٹکل حالت دیکھ کبوتر کی طرح آنکھیں بند کیئے اسے پوچھے بنا نہیں جاسکتے تھے ۔ انکا ضمیر انہیں ایسا کرنے کی اجازت نہیں دیتا اسلیئے یہاں اس سے ملنے چلے آئے

۔۔۔۔۔۔۔۔

بھاری مرادنہ آوازوں پہ اس نے اپنا سر اٹھائے انہیں دیکھا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔

مقابل کھڑے آغر اور ازمیر کو دیکھ اسکے عنابی لبوں پہ نجانے کیوں خود با خود ہلکی سی مسکراہٹ آئی ی ۔۔۔۔۔۔۔۔

جیسے وہ جانتا تھا وہ لوگ اسکا حال احوال جاننے میں انٹرسٹڈ ضرور ہوگے ۔ وہ بھی انکے جیسا ہی تھا دشمن کو دھول چٹانے میں چوڑا جگرا رکھنے والا اللہ کے سوا کسی سے نہ ڈرنے والا ۔ جان ہتھیلی پر رکھ ملک کی حفاظت کرنے والا ----------

اسے مسکراتا دیکھ دونوں تجسس کے ہاتھوں ایک دوسرے کو دیکھنے لگے ۔ ایسا بھی کیا کہہ دیا جو ان صاحب کے منہ پر تبسم بکھر گیا ---------

"ہم نے کوئی رومینٹک بات یا جوک مارا ہے اسکے لبوں پہ یہ مسکراہٹ کیسی ؟" آغر نے قدرے کان پر جھوکتے ازمیر سے کہا -------

مجھے لگتا ہے سالے کا جگہ سے اوپر کا مالا ہل گیا ہے ۔ "اسنے بھی سرگوشی کی"

الحمدُ ِللہ گڈ "!!ان دونوں کو دیکھ اپنے شہد رنگ بالوں میں ہاتھ پھیرتا بولا جو اسے" ہونقوں کی طرح دیکھ کم غور زیادہ رہے تھے ---------

جسطرح کی اسکی تشویش ناک حالت تھی ایسی حالت میں تو اسے بیڈ سے لگا ہونا چاہیئے اور وہ ہشاش بشاش سا بیڈ پر کسی بھی ٹرٹمنٹ کے بغیر سکون سا بیٹھا ہوا تھا

جبکہ جو گولی اسکے اور کیپٹن اسناد کے پیٹ میں اتاری گ ئی وہ اتنی زہرلی تھی کہ اس سے صرف موت ہی متوقع تھی ۔ صرف اس حالت میں جب تک اسے پانچ منٹ کے اندر اندر انسانی جسم سے نکال نہ لیا جائے --------

گولی لگنے سے اٹھا روح فنا کرد ینے والا کربناک درد ان پانچ منٹ میں برادشت نہ کرپائے کیپٹن اسناد کی موت گولی نکالنے سے پہلے ہی موت متوقع ہوگ ئی کیونکہ وہ درد کی شدت اور جسم میں گھولتے تیزی سے پھلیتے زہر کو برداشت نہیں کرسکے اور وہ جان سے چلے گئے --------

مگر ضوریز نے آج موت کو بھی ہرایا تھا ایسا کہہ سکتے ہیں --------

"وہ یار میرے تمہارے بارے میں خیالات کچھ اور ہی تھے اور تم تو کچھ اور ہی نکلے ۔"
آغر سر کھجاتا خجل سا مقابل ضوریز کو پیشنٹ بیڈ پہ بیٹھے دیکھ گویا ہوا ----------

ہمم مثلاً "!!ایک لفظی کہتے اپنی آئی برو اچکاتے سامنے کھڑے آغر کو اپنی گہری نگاؤں"
سے جانچا ---------

ارے کچھ نہیں !ویسے تم اب ہمارے محکمے میں تعنیات ہو تو یعنی ملاقات ہوتی رہے"
گی ہماری ؟ "آغر اسے دیکھ اپنی شرمندگی مٹاتے بولا --------

ہاں ۔ ان شاء اللہ "!ضوریز نے اسے دیکھ اپنا سر ہلاتے کہا --------"

چلو ہماری گیدرنگ کو چوتھا مہاپورش مل گیا ۔ "لبوں پہ مسکراہٹ سجائے سامنے ضوریز" کے مغرور کھڑے نقوش کو دیکھتے بولا --------

مطلب ؟ "ضوریز نا سمجھنے والے انداز میں بولا ---------"

یار میرے بارے میں تو تم جانتے ہو ؟ جنرل نے زکر کیا تھا ؟ یہ میرا نالائی ق شاگرد پلس محبوبہ کہتے ازمیر کے کندھے پہ ہاتھ رکھ اسے دیکھ آنکھ آوارہ سے اسٹائی ل میں ونک کی --------

کمینے منحوس" !!جس پہ ازمیر نے مصنوعی غصے سے اسکا بھاری ہاتھ کندھے سے" جھڑک اسکی کمر پر دھپ لگائی ی --------

اووئی ی ماں "!!!!اسکے کمر پکڑے دوہائی ی پر وہاں سارا میل فی میل اسٹاف کا " چھت پھاڑ قہقہ گونجا انکے ساتھ ساتھ ضوریز کے لبوں پر بھی گہری دبی دبی سی مسکراہٹ آئی ی جسے وہ یکدم چھپا گیا ---------

دوسرا صدمہ پیشنٹ پلس میرا سالہ یہ زرا سکریٹ ہے تو اپنے تک رکھنا ۔۔۔۔۔ ازمیر نے ہنستے اسکی گلفاشنیاں سن بس اپنا سر دائیں بائیں ہلاتے اسے دیکھا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔

جس کے چہرے سے ابھی وہ کسی اینگل سے اسے نڈر میجر نہیں لگا جو ایک سیکنڈ میں دشمن کی دھجیاں بکھیر دے ۔۔۔۔۔۔۔۔

بس وہ آغر تھا ۔ یہی تو خاصیت تھی ان تینوں دوستوں کی جب ساتھ ہوتے تھے تو دنیا کی جھنجھٹوں سے دور بس وہ ہوتے تھے اور انکی دل سے پرواز کرتی خوبصورت مثالی دوستی اور شاید اب ان میں ضوریز کا اضافہ ہونے والا تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔

باقی بچا توں دکھی آتمہ ۔۔۔۔۔ وہ جب سے ملا تھا ضوریز سے جب سے اب تک اس نے آج پہلی بار اسکے چہرے پر ہلکی سی مسکراہٹ دیکھی تھی ۔ جسے وہ کمال مہارت سے چھپا گیا تھا اس لیئے وہ اسے اس خطاب سے نواز گیا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اسکے بولنے پر ضوریز نے اسے گھورا ۔ جسے گھورتے دیکھ ازمیر آغر کا جاندار قہقہ تھا

انہیں زندگی سے بھرپور ہنستے مسکراتے یکدم خود کے چہرے پر بھی مسکراہٹ کھلی تھی ۔ جسے اسنے اب چھپانے کی کوشش ہرگز نہیں کی تھی ----------

اوئے کہاں ؟ "ضوریز کو بیڈ سے اٹھتے دیکھ آغر جلدی سے بولا ---------"

کام ہے ---- "!!کہتے بیڈ پہ رکھا اپنا والیڈ گھڑی اٹھائی ی --------"

ایسا بھی کیا ضروری کام ہے ؟ بعد میں بھی ہوسکتا ہے تجھے آرام کرنا چاہیئے ۔

ٹھیک ہوں میں اور شکریہ یہاں آنے کے لیئے ۔ ضوریز انکی جانب آتا بولا ---- انکے آنے سے اسکا خراب موڈ بحال ہوگیا تھا --------

ہمم !!جب ضوریز نے کسی کام کا کوئی ی زکر نہیں کیا تو اسنے بھی یک لفظی کہتے اسکی ذاتیات میں گھوسنے کی کوشش نہیں کی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔

چلتا ہوں ۔۔۔ "!!وہ دونوں پر اپنی ایک نظر ڈال کہتے آگے بڑھا ۔۔۔۔۔۔۔۔"

اور ہاں !میں نے کوئی ی سفارش نہیں کروائی ی تھی ۔ "وہ پلٹتے بولا ۔۔۔۔۔۔۔۔"

ضوریز کی آواز پہ ان دونوں نے اسے دیکھا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔

جانتا ہوں تمہاری ملک سے بے پناہ محبت اور بہادری نے سب بیان کردیا ہے اور ہاں" دوستی میں شکریہ اور سوری کی گنجائش نہیں ہوتی ۔ "آغر اسے دیکھ بولا تو اسکے لبوں پہ مسکراہٹ اور لہجے میں اسکے لیئے فخر بول رہا تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔

جسکی آخری بات سن اسکے عنابی لبوں پہ تبسم پھیلا اور ان پر اپنی ایک آخری نظر ڈالے بنا کچھ کہے وہاں سے نکلتا چلا گیا ۔۔۔۔۔۔۔۔

آغر گاؤں کے لیئے نکل چکا تھا اسے سی آف کرتا اب آزمیر بھی گھر کے لیئے نکلتا موٹر بائی ک پہ بیٹھ سر پر ہلمٹ چڑھارہا تھاکہ پینٹ کی جیب میں اسکا موبائل رنگ ہوا

اسنے موبائل نکال اس پہ آنے والی کال سرعت بے زاری سے دیکھی ۔ دل تو نہیں کررہا تھا رسیو کرنے کا مگر نہ ناچاہتے ہوئے بھی ہلمٹ اتار موٹر بائی ک کی ٹنکی پر رکھ دوسرے ہاتھ سے بے نیازی سے فون کو یس کرتے کان سے لگایا ---------

سیاسی پارٹی کے کارکن خلیفہ ریاض کے بیٹے کے پیچھے NNp انسپکٹر تم ابھی تک" کیوں پڑے ہو ؟ اسے چھوڑ دیا ہے تو اسکا پیچھا بھی چھوڑ دو ۔ کیوں تم نے شاکر کو اب اسکے پیچھے لگایا ہوا ہے ؟ کبھی خود ہاتھ دھو کے پیچھے پڑے رہتے ہو تو کبھی کسی کو لگا دیتے ہو ؟ تمہیں کیا لگتا ہے مجھے کچھ نہیں معلوم ؟ ڈیم اٹ !!اس کی جان چھوڑ دو "ورنہ تمہیں میں اس نوکری سے فارغ کردوں گا ۔

ڈی ایس پی کی خرکت بھاری آواز اسپیکر سے گونجتی اسکے کان کے پردے پھاڑ گ ئی

اسکے ماتھے پر بل آئے گردن کی رگیں غصے کے باعث تن گ ئی یں شہد رنگ آنکھوں میں آگ کے شرارے پھوٹنے لگے تھے کہ جو اسکے سامنے آئے وہ اس لاوے کی لپٹ میں آنے سے خود کو نہیں بچا پائے ۔

اور ابھی اسکی یہی حالت تھی فون سے ڈی ایس پی کو نکال اسکی وہ حالت کرے اسکی ساتھ پوشتیں یاد کریں --------

کمینوں کو حرام کی کھانے کی عادت ہوگ ئی ہے بھلا ہماری کیا سنے گے یہ لوگ **** ؟ "اسنے سوچتے فون پر گرفت سخت کی جبکہ شدت ضبط سے جبڑے بھینچ لیئے

مسلسل ازمیر کی خاموشی محسوس کر اگے سے کچھ نہ کہنے پر انہوں نے فون ڈسٹرکٹ کردیا ---------

"آوڈر آوڈر آوڈر !!!ان اوقات پیٹوں کے پورے نا کرو تو یہ فرعونیت پہ اتر آتے ہیں ۔" سرد مہری سے بڑبڑاتے فون جیب میں رکھا اور اپنی آنکھیں موندلیں ---------

جنکے موندتے ہی زرتشہ کی گلابی من موہنی سی صورت اسکے آنکھوں کے سامنے لہرائی ی

ایک دن پورا ایک دن تمہیں دیکھے محسوس کیئے گزر گیا ۔ میری بے تاب آنکھیں تمہارے " دیدار کے لیئے تڑپ رہی ہیں ۔ میری بے چین دھڑکنیں پاگل ہیں تمہیں ٹوٹ کر چاہنے "کے لیئے ۔ میرے سکون، راحت، شدت ، محبت ، جنون آرہا ہوں میں ---

شدت جذبات سے چور لہجے میں زیر لب بڑبڑایا اور موندیں آنکھیں کھولی تو چہرے پر بے زاریت غصہ طیش کہیں دور جاسویا تھا بلکہ اب چہرے اور شہد رنگ آنکھوں میں زرتشہ کے نام کا ایک الگ ہی محبت کا جہان آباد تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔

اسے وہ اچانک خود کے بہت قریب محسوس ہوئی ی تھی ۔ اسکا نرم و ملائی م لمس جھجھکنا، شرمانا، للجانا ، سمٹنا سب یاد کر اسکے لبوں پہ گہرا تبسم بکھرا تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ اسی طرح گھم تھا زرتشہ کے خوابوں احساسات میں کہ روڈ پہ پیچھے سے کسی موٹر بائی ک والے نے ہارن دیا وہ ہوش میں آیا اور ہلمٹ پہن انگیشن میں چابی گھماتے بائی ک اسٹارٹ کرتے دھواں اڑاتا چلا گیا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔

یہ لڑکی مجھے کسی دن مروائے گی ۔ "ہلمٹ سمیت سر ہلاتا سوچا اور ایک بار مزید اسکے" لب مسکراہٹ میں ڈھلے تھے اپنی بے خودی پہ اور بائی ک کی ریس بڑھائی ی

۔۔۔۔۔۔۔۔۔

#########

پہلو میں وئی یل چی ئی ر رکھے وہ لاؤنج میں ون ٹوئی سٹر صوفے پہ سکون سے بیٹھی ایل ای ڈی پر ریموٹ سے چینل سرچ کر رہی تھی ---------کہ سامنے سرچ کرتے نیوز چینل پر روکی اور اس پر چلتی دھواں دار خبر کو جیسے جیسے سنتی گ ئی گویا سکتے میں جاتی چلی گ ئی ۔ ایک بھاری انکشاف ہی تھا جو اس پہ ہوا تھا -------

اسکے دماغ میں کچھ کلک ہوا ۔ وہ اکثر کبھی ہفتوں مہنے بھی غائب رہتا تھا لیکن اس نے کبھی ناٹ نہیں کیا تھا ۔ تو یہ بات تھی ۔ گل نے سوچا --------

آج اگر زرتاج خالہ ہوتیں تو اپنے اس خوبرو بیٹے پر کتنا فخر کرتیں ۔ لاؤنج میں قدم رکھتے ابرار کی بھاری گھمبیر آواز گل کی سماعتوں سے ٹکرائی ی ---------

جس پر اسنے اپنا سر اٹھاتے لاؤنج میں آتے دراز قد ابرار کو دیکھا ۔ جیسے کچھ سمجھنے کی تگ و دو کر رہی ہو --------

اب نظریں سامنے ایک بار پھر ایل ای ڈی کی بڑی سی اسکرین پر ٹکائی ی ۔ جس پر چلتی خبر اور اس پہ دشمن جان کا وجیہہ چہرہ جس پہ ہمتن سخت تاثرات نمایاں تھے ۔ لمبے قد جسمات پہ وہ آرمی یونفارم اور ہوتے اسکے اور باقی آفسرز کے چرچے ---------

ایک پل کے لیئے اسکا دل زورو سے دھڑکا اور پسینے سے ہاتھوں کی دونوں ہتھیلیاں نم ہوئی یں --------

سرخ ہونٹ ابرار کو مقابل بیٹھتے دیکھ پھڑپھڑائے ۔ جیسے کچھ پوچھنا چاہا رہے ہوں

کچھ دیر ایسی ہی بے نام سی خاموشی چھاہی رہی ۔ بس لاؤنج میں ایل ای ڈی سے گونجتی آواز خبر کی صورت پورے کمرے میں بکھری ہوئی ی تھی ----------

شہزادے "!!بلائے آخر گل نے اپنی چپ تھوڑی ---------"

جاری ہے ---------

منِ عزیزم

قسط نمبر 53

پریشے بیگ

کاپی نہ کریں سختی سے ممنوع ہے ----------

اپنی جان سے پیاری بہن شہزادی کی سریلی آواز پہ اسنے گردن مڑ اسکے جانب دیکھا

جی کہیئے بھائی ی کی شہزادی !!! "اسکی گریش آنکھوں میں اپنی بھوری آنکھیں ڈال گویا"

ہوا ---------

"تم جانتے تھے آ۔آغر کے بارے میں ؟"

وہ دل میں مچلتا سوال لبوں پہ لے آئی ی اور اپنی کانپتی میٹھی آواز میں اسے دیکھ پوچھا

جبکہ آغر کے نام پہ اسکی خمدار سیاہ پلکیں اسکی جسارتوں اور حرکتوں کو سوچتے خود با خود لرز رہی تھیں --------

ہاں --- "!!ایک لفظی جواب دیتا ریموٹ کو اٹھاتے مولوی کی آواز آزان کی صورت" گونجتی ہر سو بکھرتی سن ایل ای ڈی بند کی ---------

عجب سکون سا اسکے دل میں اترتا محسوس ہوا ۔ نجانے کیوں گل کو دل سے خوشی اور اپنے اس چھوٹے شوہر پر فخر ہوا ۔ چہرے پر ہلکی سی اسمائل آئی ی جسے وہ کمال مہارت سے چھپا گ ئی ---------

خیر تم یہ بتاؤ سیٹھانی صاحبہ کے ساتھ کہاں گئے تھے ؟ "برو اچکائے اسے دیکھ"
باتوں کو دوسرا رخ دیتی بولی --------

بھائی ی کی شہزادی !!سرپرائی ز ہے "۔"

پوری طرح سے گل کی طرف متوجہ ہوتے اسکا گلابی چہرہ اپنے بھاری ہاتھوں میں تھامتے
اپنی بھوری رنگ آنکھیں جھپکائے مان سے کہا ---------

"ہمم !!کیسا اور کونسا سرپرائی ز ؟"
اپنی گریش آنکھیں گھماتی جلدی سے بولی ---------

وقت آنے دیں معلوم ہوجائے گا "۔کہتے اسکے پیارے چہرے کو دیکھ اپنے ہاتھ"
ہٹائے ---------

"بس کرو تجسس مجھے نہیں پسند ؟ بتانا ہے تو بتاؤ ؟"

اپنی گردن کو اکڑائے اپنے سینے پہ دونوں ہاتھ باندھتے کہا ---------

ہاہاہا !!ویسے بڑی بہن ہونے کا فائدہ اٹھاتیں ہیں آپ "۔"

اسکی بہن گری کو دیکھ اسکا لاؤنج کی خنکی بھری فضا میں قہقہ گونجا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

میرا حق ہے یہ "۔ فخریہ گردن کو پھر اکڑاتی بولی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔"

بلکل آپ کا حق ہے شہزادی !!آپ جیسے چاہیں اپنے بھائی سے اپنی بات منوا" سکتیں ہیں "۔ اسکے مان بھرے احساس پہ اسے اپنی پیاری بہن پر دل و جان سے پیار آیا جسکا اظہار اسنے اسکے سر پر شفقت بھرا بوسہ دیتے کیا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔

لیکن پھر بھی یہ سرپرائز ہے اور یقین جانے آپ بہت خوشی محسوس کرے گی اس" سرپرائز کو دیکھ ۔ "کہتے اپنے پشت پہ کوشن ٹھیک کیا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔

آہ ٹھیک ہے "۔ وہ اسکی بھوری آنکھوں میں دیکھ اپنی سانس باہر خارج کرتی بولی"

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

مجھے تمہارا سیکریٹ بھی پتہ ہے اگر تم یہ بھی بتا دیتے تو --------، کہتی اپنے سرخ لبوں تلے مسکراہٹ دبائی ی --------

ہاں اس پیشے کی وجہ سے میں اپنی بہن کا خیال نہیں رکھ سکا ۔ بھائی ی ہونے کا فرض ادا نہیں کرسکا ۔ جب کبھی آپ کو میری ضرورت پڑی اس وقت ہی میں حاضر نہیں ہوسکا ۔ اسے یاد آیا جب اسکے پہلے شوہر سے اسکی طلاق ہوئی ی اس دن بھی وہ اسکے ساتھ نہیں تھا ۔ وہ ازیت ناک، وقت، لمحات گل کے لیئے کس قدر مشکل تھے وہ سمجھ سکتا تھا ۔ اسے سہارے کی ضرورت تھی وہ بھی کسی اپنے کی مگر وہ اس وقت بھی اسکے ساتھ نہیں تھا ---------

اسکا باپ تو بس نام کا باپ تھا جسے ان دونوں کی خوشیوں یا غموں سے حتیٰ کے ان دونوں سے ہی کوئی ی لینا دینا نہیں تھا اور یہ سب ہوا تھا جب ان دونوں کی پہلی ماں خودکشی کر اس دنیا سے چلی گ ئی ----------

بچپن میں تو پھر بھی وہ ان پر شفقت پیار لٹاتے تھے لیکن شہلا بیگم کے جانے کے بعد سے تو جیسے انہیں معلوم ہی نہ تھا کہ انکے بچے کیسے ہیں ؟ کس حالت میں ہیں ؟ کیا کر رہے ہیں ؟ کسی چیز کی انہیں ضرورت تو نہیں ؟ ہر طرح سے وہ ان دونوں سے کٹ کر رہ گئے تھے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔

رہ گ ئی یں انکی دوسری ماں حمیدہ بیگم جنکا سلوک ابرار سے تو اچھا ہی تھا لیکن گل سے نہیں اور یہ بات ابرار کبھی بھانپ بھی نہ سکا تھا کیونکہ انہوں نے ابرار کی آنکھوں پہ اپنی محبت خلوص کی ایسی پٹی باندھ رکھی تھی کہ وہ انکے بارے میں کسی سے ایک لفظ نہیں سن سکتا تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔

کجاکہ وہ اپنی سگی ماں کو بھول بیٹھا تھا یا شاید دیکھاوا تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔

ایسے ہی کہیں معاملات لمحات گل پہ گزرے جن سے وہ ناواقف ہی تھا ۔۔۔۔۔۔۔۔

اور سب سے بھیانک ترین وہ حادثہ جب آپ کا ایکسڈینٹ ۔۔۔۔۔،، وہ کہتے کہتے چپ ہوا ۔۔۔۔۔۔۔۔

عنابی لب آپس میں بھینچے شدت ضبط سے اسنے اپنی انگارہ ہوئی یں سرخ آنکھیں کرب سے موندلیں ۔ دل میں ہر اس لمحے کے لیئے ندامت شرمندگی اپنا سر اٹھائے ٹھاٹھیں مارنے لگی ۔گلے میں ابھرتا گلٹ مدعوم ہوتے تکلیف میں تبدیل ہوا ۔ اسکا بس نہیں چل رہا تھا وہ خود کے ساتھ کیا کرلیتا ۔۔۔۔۔۔۔۔

شہزادے تم دنیا کے سب سے پیارے بھائی ی ہو ۔ مجھے تم سے نہ کل کوئی ی" شکایت تھی اور نا آج ہے ۔ یہ سب لکھا تھا میرے نصیب میں جو جیسا مجھے ملا اور مجھ سے زیادہ اس ملک کو تمہارے جیسے بہادر آفسر کی ضرورت ہے ۔

وہ آوازیں ماں بہنوں کی جن پہ ظلم و ستم کے یہ دنیا پہاڑ توڑ دیتی ہے یا کوئی ی غریب باپ بھائی ی نوکری یا روزی روٹی کمانے کی تلاش میں نکلتا ہے جو بے قصور ہوتے کسی ظالم کے عمل سے مارا جاتا ہے یا کسی معصوم پھول کو نوچ اسے اپنی حوس کا نشانہ بنایا

جاتا ہے ۔ جنکی انصاف مانگتی بھرائی ی آواز کو نلپید کر اپنے اہنکار خودغرضی تلے دبا دیا جاتا ہے

